NYC Public Schools



# نیویارک شہر پبلک اسکولز میں کثیرالسانی اور نقل وطن خاندانوں کے لیے ایک رہنما کتابچہ







NYC Public Schools | Multilingual Learners

T-38786 (Urdu)





## فہرستِ مندرجات


فہرستِ مندرجات ........ 3

یہ رہنمائی کیا ہے؟ ........ 5

بطور ایک نقل وطن طالب علم کے میرے بچے کے کیا حقوق ہیں؟ ........ 6

میں اپنے بچے کا اسکول میں کس طرح اور کہاں اندراج کروا سکتا ہوں؟ ........ 7

میں اس اسکول میں کس کے ساتھ رابطے میں رہوں گا؟ ........ 8

میں اسکول میں اپنے بچے کا حمایتی کیسے بن سکتا ہوں؟ ........ 9

انگریزی زبان کے متعلمین کے لیے پروگرام ........ 10

دولسانیت کے فوائد ........ 11

اگر میرا اسکول دولسانی پروگرام کی پیشکش نہیں کرتا ہو تو کیا ہوگا؟ ........ 12

میرا بچہ مخصوص ضروریات اور / یا ایک معذوری کا حامل ہے۔
مجھے کیا کرنا چاہیے؟ ........ 12

اگر میرے مزید سوالات ہوں تو میں کیا کروں؟ ........ 12

میرے بچے کے پاس بعد از ثانوی کیا انتخابات ہیں؟ ........ 13

رابطہ ........ 15

QR کوڈز اور URLs کا ضمیمہ ........ 16



## یہ رہنمائی کتابچہ کیا ہے؟

یہ رہنمائی کتابچہ آپکو نیو یارک شہر اسکول نظام کو سمجھنے میں مدد دے گا۔ اندراج کی کارروائی سے شروع، آپ اس رہنمائی کو بطور این وائی سی پبلک اسکول والدین کے اپنے حقوق کو سمجھنے، آپکے بچے کی تعلیم اور آپکی اپنے بچے کی تعلیم میں سرگرم ہونے میں مدد کے لیے لسانی پروگرام اور خدمات جو اسکول میں دستیاب ہیں؛ آپکے بچے کے لیے چند سیکنڈری بعد انتخابات، اپنے خدشات کا کہاں اظہار کریں؛ اور نیو یارک شہر میں آپکی منتقلی کو آسان بنانے کے لیے شہر میں دستیاب وسائل جاننے کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔

عزیز اہلِ خانہ،

**نیویارک شہر پبلک اسکولز برادری میں خوش آمدید!** ہمارا شہر دنیا بھر کی ثقافتوں، زبانوں اور روایات کا ایک خوبصورت امتزاج ہے۔ ہمارے اسکولوں میں، ہم اس تنوع کا جشن مناتے ہیں اور کوشش کرتے ہیں کہ ایک ایسا ماحول تخلیق کریں جہاں طالب علم اپنی قدر محسوس کرتے ہیں اور اپنی نسل، زبان اور نقل وطنی کی حیثیت کی توثیق کرتے ہیں۔ ہمارا یقین ہے کہ ہر ثقافت ہماری برادری کے تانے بانے میں ایک منفرد دھاگہ پروتی ہے اور ہم تمام طلباء کی انکے ورثے کو اپنانے اور اشتراک کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

بطور والدین اور سرپرستوں کے، اپنے بچوں کی تعلیم میں آپکا کردار بہت اہم ہے۔ ہم آپ کی اپنے گھر میں اپنی ثقافت کو اپنے بچوں کے ساتھ ملکر مسلسل پروان چڑھانے اور اسکا اشتراک کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ یہ ثقافتی عناصر، چاہے یہ زبان، کھانے، موسیقی، فنون یا رسومات ہوں، آپ کے بچے کے سیکھنے کے تجربات کو بہت تقویت دے سکتی ہیں اور انہیں اپنی (ثقافتی) بنیادوں کو سراہنے میں مدد دیتے ہیں۔

ہمارے اسکولوں میں، آپ کے بچے مختلف پس منظروں کے حامل ہمسروں کے ساتھ ملکر علم حاصل کریں گے جس سے وہ اس دنیا کے گراں قدر تنوع کو سمجھیں گے۔ ہم آپ کے ساتھ اس تعلیمی سفر میں اشتراک کرنے کے متمنی ہیں، جو ایک بھر پور، متنوع اور مشمولی تعلیمی تجربہ فراہم کرتا ہے جو انہیں ایک روشن مستقبل کے لیے تیار کرتا ہے۔

## بطور ایک نقل وطن طالب علم کے میرے بچے کے کیا حقوق ہیں؟

- نیویارک شہر میں، نقل وطنی کی حیثیت کے قطع نظر، تمام بچوں کو، ایک پبلک اسکول میں تعلیم حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔ محکمۂ تعلیم (DOE) نہ آپ کی نقل وطنی کی حیثیت کے بارے میں جانچ پڑتال کرے گا اور نہ ہی شہریت کے ثبوت کا تقاضا کرے گا، اور اگر انہیں کسی کی نقل وطنی کی حیثیت کے بارے میں علم ہو بھی گیا، ان سے اسے رازداری میں رکھنا مطلوب ہے۔
- اسکولوں اور اضلاع کو ممانعت ہے کہ کسی طالب علم اور خاندان کی معلومات کسی اور کو فراہم کریں بشمول امیگریشن کسٹم انفورسمنٹ کے، ماسوائے جب قانون اس کا تقاضا کرے یا والدین اسکی اجازت دیں۔



- آپ کو اہم معلومات سمجھنے میں مدد دینے کے لیے، اسکول کئی زبانوں میں مفت ترجمے کی خدمات کی پیشکش کرتے ہیں۔ آپ اپنے طالب علم کے اسکول میں کسی بھی وقت لسانی معاونت کی خدمات کی درخواست کر سکتے ہیں! والدین رابطہ کار، پرنسپل سے پوچھیں، یا ترجمہ اور ترجمانی کی خدمات کا فارم مکمل کریں۔



- اگر آپ بطور انگریزی / کثیرالسانی متعلمین کے والدین کے اپنے حقوق کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں، برائے مہربانی DOE کی ویب سائٹ پر جائیں اور "حقوق کی قرارداد("Bill of Right") تلاش کریں۔

# میں اپنے بچے کا اسکول میں کس طرح اور کہاں اندراج کروا سکتا ہوں؟



کیا آپ سوچ رہے ہیں: میں کہاں سے شروع کروں؟ میں اپنے بچے کا این وائی سی پبلک اسکولز میں کس طرح اندراج کروا سکتا ہوں؟

اپنے بچے کا اندراج کروانے کے لیے پہلا قدم آپ کے نزدیک ترین کسی خاندانی استقبالیہ مرکز میں جانا ہے۔

یاد رکھیں، آپ کو اپنی نقل وطنی کی حیثیت ظاہر کرنے یا اپنی آئی ڈی دکھانے کی ضرورت نہیں ہے۔ خاندانی استقبالیہ مرکز میں موجود عملہ آپ کو بتائے گا کہ اندراج کے لیے کونسی کاغذی کاروائی کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ زیادہ تر معاملات میں، آپ سے ذیل کے متعلق پوچھا جائے گا:

- **آپ کے بچے کی عمر کا ثبوت**,
- **مدافعتی ٹیکوں کے ریکارڈز** (اگر دستیاب ہے)،
- جدید ترین رپورٹ کارڈ، (اگر دستیاب ہے)، اور
- کوئی بھی دو دستاویز بطور **پتے کی تصدیق**۔

---

اگر آپ ایک عارضی جگہ پر رہائش پذیر ہیں، برائے مہربانی اپنے منتخب کردہ خاندانی استقبالیہ مرکز پر جائیں۔ وہاں کا عملہ آپکی مدد کر سکے گا

FAMILY WELCOME CENTERS





# میں اسکول میں کس کے ساتھ رابطے میں رہوں گا؟

بطور ایک نئے نقل وطن خاندان کے، اسکول کے نظام کو سمجھنے میں مشکل پیش آ سکتی ہے۔ برائے مہربانی یقین رکھیں کہ اس اسکول میں ہر ایک آپ کی مدد کرنے کے لیے موجود ہے۔ کئی قسم کے افراد ہیں جن سے آپ معمول میں رابطے میں رہیں گے۔ یہ پرنسپل، یا نائب پرنسپل، والدین رابطہ کار، اور اسکول حفاظتی افسر ہیں۔



ان میں ہر ایک کا اسکول میں مختلف کردار ہے۔

**پرنسپل / نائب پرنسپل** وہ فرد ہے جو اس اسکول کے نظم ونسق، بشمول عملے کے انتظام، تعلیمی معیارات، اور طالب علم کے طرزعمل کی نگرانی کرتا ہے۔ پرنسپل اس اسکول کی عمارت میں زیادہ تر معاملات کا نگراں ہوتا ہے۔





**استاد** وہ فرد ہے جو کلاس روم میں تعلیم دیتا ہے، الیمنٹری اسکول میں تمام مضامین اور مڈل اسکول اور ہائی اسکول میں خاص مضامین پڑھاتا ہے۔

**اسکول حفاظتی افسر** وہ فرد ہے جس کا تعلق نیویارک شہر محکمۂ پولیس (NYPD) سے ہوتا ہے یہ اسکول کی حفاظت کو یقینی بناتا ہے، ہنگامی صورت حال سے نمٹتا ہے، سنگین واقعات کے بارے میں اس اسکول کی انتظامیہ اور اسکول کے شعبۂ حفاظت کو مطلع کرتا ہے، حفاظت کے بارے میں تعلیم دیتا ہے، اورسیکھنے کے لیے سازگار ماحول کو فروغ دیتا ہے۔



**والدین رابطہ کار** والدین اور دیگر اہل خانہ کو اسکول کی سرگرمیوں کو سمجھنے اور ان میں حصہ لینے میں مدد کرتا ہے، والدین - اسکول مسائل کو حل کرتا ہے اور یقینی بناتا ہے کہ انکے بچوں کی کامیابی کے لیے والدین کی آواز سنی جائے۔

**اسکول مشیر** طلباء کو متعلقہ کلاسوں کی نشان دہی کرنے اور شیڈیول بنانے میں مدد کرتا ہے، ایک کالج اور طرز معاش کی انفرادی منصوبہ بندی کرتا ہے، کالج اور ملازمت کی درخواستوں کو مکمل کرنے میں مدد کرتا ہے، اور طلباء کو سندیافتگی کی جانب راہ پر گامزن رہنے میں مدد کرتا ہے۔



## میں اسکول میں اپنے بچے کا حمایتی کیسے بن سکتا ہوں؟

آپ کی طرح کے والدین بچے کے بہترین حمایتی ہوتے ہیں! اسکے علاوہ، بطور ایک نقل وطن طالب علم کے والدین کے، آپ کے پاس ایک منفرد موقع ہوگا کہ آپ بطور مؤثر آواز سامنے آئیں، انگریزی زبان کے متعلمین اور نقل وطن گروپس بحیثیت مجموعی کی ضروریات کے لیے وکالت کریں۔ آپ کے لیے اسکول کمیونٹی کے ساتھ شامل ہونے کے کئی طریقے ہیں۔ آپ کو اپنے بچے کی تعلیم میں شریک ہونے کے لیے کسی ٹیم میں شامل ہونا ضروری نہیں ہے، لیکن اگر آپ ایک ٹیم کے سرگرم عمل رکن بننے کا انتخاب کرتے ہیں، ذیل میں **تین اسکول گروپس** ہیں جن کی قیادت والدین کرتے ہیں۔ تمام اجلاس کھلے اجلاس کے قانون کے تابع ہیں، جس کا مطلب ہے کہ کوئی بھی اس اجلاس میں شرکت کر سکتا ہے۔

| مرکزی سطح | ضلعی سطح | اسکول کی سطح |
|---|---|---|
| **شہرگیرکونسلیں** والدین، طلباء اور عوامی اہلکاروں کے نمائندگان پر مشتمل ہوتی ہیں۔ مسائل پر بحث کرنے، تعلیمی مواقع فراہم کرنے اور سرکاری امور پر گفتگو کرنے کے لیے والدین ماہانہ اجلاس کی قیادت کرتے ہیں۔ اگر آپ اپنی طرح کے دوسرے انگریزی زبان کے متعلمین والدین کی نمائندگی کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو CCELL میں شامل ہونے پر غور کریں۔ | **صدور کی کونسل** والدین کا ایک گروپ ہے جسکی معاونت ایک تقرر کردہ مہتمم کرتا ہے۔ ووٹ ڈالنے والے ارکان، ایک مخصوص ضلع میں انجمنِ والدین یا والدین اور اساتذہ کی انجمن کے صدور ہوتے ہیں۔ | **PTA (والدین اور اساتذہ کی انجمن)** (والدین اور اساتذہ کی انجمن) ایک مقامی اسکول میں بچوں کے رضاکار والدین کا ایک گروپ ہے، جو ماہانہ ملاقات کرتا ہے تاکہ اسکول کمیونٹی کے خدشات اور معاونت کرنے کی سطح کے بارے میں بات چیت کی جاسکے۔ ہر کوئی اس اجلاس میں شرکت کر سکتا ہے، مگر ایک بورڈ کا انتخاب کیا جاتا ہے جو اس اجلاس کے دوران قیادت کرتا ہے۔ |
| | **ضلعی قیادتی کونسل** کئی اسٹیک ہولڈرز کا ایک گروپ ہے، بشمول والدین کے، جو ضلع کی پالیسیوں اوراقدامات کے بارے میں رائے اور تجاویز دیتے ہیں۔ | **اسکول کی قیادتی ٹیم (SLT)** (اسکول کی قیادتی ٹیم) والدین اور اسکول عملے کی مساوی تعداد پر مشتمل ہوتی ہے جو باقاعدگی کے ساتھ اسکول کے اعداد وشمار، نصاب، بعد از اسکول مواقع اور پروگرامنگ پر بحث و مباحثہ کرنے کے لیے ملاقات کرتے ہیں۔ اس ٹیم کے لیے والدین اور عملے کو ووٹ کیا جانا لازمی ہے۔ |
|  | **کمیونٹی تعلیمی کونسلیں** تعلیمی پالیسی کے مشاورتی ادارے ہیں جو دیگر چیزوں کے علاوہ، ان کے ضلع کے تعلیمی پروگراموں کا جائزہ لینے اور تشخیص کرنے، زون کی حدود کی منظوری دینے، اور بعض امور پر عوامی سماعت منعقد کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ اراکین کیا کرتے ہیں اسکی مکمل تفصیل جاننے کے لیے کردار اور ذمہ داریوں کا صفحہ ملاحظہ کریں۔ | **والدین اساتذہ کانفرنس** والدین اور اساتذہ کے درمیان ایک اجلاس ہے جس میں طلباء کی تعلیمی اور سماجی - جذباتی پیشرفت پر بات چیت کی جاتی ہے۔ |

# انگریزی زبان کے متعلمین کے لیے پروگرام

NYC پبلک اسکول انگریزی زبان کے متعلمین کے اہل خانہ کو تین پروگراموں کی پیشکش کرتے ہیں جو انکے بچوں کو انگریزی سیکھنے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ پروگرام طلباء کی گھریلو زبان اور متن کے علم کے حصول کو تقویت دیتے ہیں اور ساتھ ہی انکی سماجی اور تعلیمی انگریزی صلاحیتوں کو فروغ دیتے ہیں۔

- **انگریزی بطور ایک نئی زبان (ENL):** تمام ELLs انگریزی بطور ایک نئی زبان (ENL) تدریس حاصل کرتے ہیں۔ آپ کے بچے کو آپ کی گھریلو زبان میں مدد کے ساتھ انگریزی پڑھنا، لکھنا اور بولنا سکھایا جائے گا۔
- **دوہری زبان دولسانی تعلیم (DLBE):** اس پروگرام کا ہدف آپ کے بچے کو دونوں زبانوں میں پڑھنے، لکھنے اور بولنے کے قابل بنانا ہے۔ جب آپ کا بچہ ایک انگریزی زبان کا متعلم (ELL) نہیں رہے گا، وہ اس پروگرام میں ہی رہے گا تاکہ دونوں زبانوں کو سیکھنا اور انہیں بہتر بنانا جاری رکھ سکے۔
- **عبوری دولسانی تعلیم (TBE):** ان پروگراموں میں، آپ کا بچہ جیسے جیسے انگریزی میں بہتر ہوتا جاتا ہے، وہ اپنا زیادہ وقت انگریزی میں سیکھنے میں صرف کرتا ہے اور گھریلو زبان میں سیکھنے میں کم وقت لگاتا ہے۔ جب آپکا بچہ مزید ایک انگریزی زبان کا متعلم (ELL) نہیں رہتا، وہ پروگرام کو چھوڑ دے گا۔


| انگریزی بحیثیت نئی زبان | عبوری دولسانی | دوہری زبان | |
|---|---|---|---|
| گھریلو زبان کا استعمال انگریزی **میں تعلیم دینے** میں مدد دینے کے لیے ایک اضافی معاونت ہے۔ | گھریلو زبان کا استعمال انگریزی میں عبوریت میں مدد دیتا ہے۔ | دولسانیت / دو خواندگی کو فروغ دینے کے لیے دونوں زبانوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ | **اس پروگرام کے اہداف** |
| ✓ | ✓ | ✓ | گھریلو زبان میں تدریس |
| | ✓ | ✓ | ایک ہی گھریلو زبان بولنے والے ہم جماعت |
| | | ✓ | دونوں زبانوں میں مساوی تدریس |



## دولسانیت کے فوائد

تحقیق یہ ظاہر کرتی ہے ایک سے زیادہ زبان جاننا واقعی میں بچوں کے لیے اچھا ہوتا ہے۔ مختلف زبانیں بولنے کے قابل ہونا تمام عمر کے افراد کے لیے مددگار ہو سکتا ہے۔ یہ بچوں کو اسکول میں بہتر کارکردگی دکھانے میں مدد دے سکتی ہے۔ جب یہ بڑے ہو جاتے ہیں، یہ انہیں بہترملازمتوں کے حصول میں مدد دے سکتی ہے۔ اسکے علاوہ، جیسے یہ بڑے ہوتے جاتے ہیں، یہ انہیں اپنے ذہن کو تیز رکھنے میں مدد دیتی ہے اور یہاں تک کہ شائد انہیں ایک دماغی بیماری آلزہائیمر سے بھی بچا سکتی ہے۔

دولسانی پروگراموں میں سے ایک منتخب کرکے (دوہری زبان یا عبوری دولسانی تعلیم)، آپکا بچہ **دولسانیت کی مہر (Seal of Biliteracy)** حاصل کرنے کے لیے بہتر طور پر تیار ہو جاتا ہے۔ نیویارک اسٹیٹ سیل آف بائلیٹرسی (NYSSB) ایک اعزاز ہے جو ان ہائی اسکول کے سندیافتگان کو دیا جاتا ہے جو انگریزی میں اور کم سے کم ایک اور زبان میں عبوریت کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ NYSSB زبان کی تعلیم کی حوصلہ افزائی، تنوعیت کی تصدیق کرتا ہے، اور یونیورسٹیوں اور ملازمین کو ایک طالب علم کی لسانی صلاحیتوں کے بارے میں اضافی معلومات فراہم کرتا ہے۔ اہلیت کے حامل طلباء اپنے ڈپلومہ پر نیویارک ریاست محکمۂ تعلیم کی جانب سے سرکاری سیل، ایک میڈالیئن اورسرٹیفیکیٹ موصول کرتے ہیں۔ NYSSB دولسانیت کی اہمیت، انکی کامیابیوں کو نمایاں کرکے اور مستقبل کے مواقع کے لیے حصولیابی کی سند فراہم کر کے طلباء کو فائدہ پہنچاتا ہے۔









## اگر میرا اسکول دولسانی پروگرام کی پیشکش نہیں کرتا ہو تو کیا ہوگا؟



اگر آپ کا اسکول اس وقت دولسانی پروگراموں کی پیشکش نہیں کرتا ہے، معلوم کریں کہ آپ کے قریب کن اسکولوں میں دولسانی پروگرامز دستیاب ہیں۔ آپ تبادلے کی درخواست کرسکتے ہیں اگر آپکا ترجیحی پروگرام آپکے موجودہ اسکول میں پیش نہیں کیا جاتا ہے، اور اسکول منتقلی کی کاروائی میں رہنمائی اور مدد کرسکتا ہے۔ کچھ مختلف اقسام کے اسکول جیسے کہ بین لاقوامی نیٹ ورک کے دائرے میں اسکول بھی ہوتے ہیں جو کثیرالسان اور نئے نقل وطن طلباء کو خدمات فراہم کرتے ہیں۔

البتہ برائے مہربانی آگاہ ہوں کہ اسکے قطع نظر کہ یہ کس قسم کے اسکول ہیں، آپ ہمیشہ ایک دولسانی پروگرام میں تقرری کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

## میرا بچہ مخصوص ضروریات اور / یا ایک معذوری کا حامل ہے۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟



اگر آپ کا بچہ ایک انفرادی تعلیمی منصوبہ (IEP) کے ساتھ آتا ہے تو طالب علم کو ضلع 1-32 میں ایک دولسانی خاص تعلیم (BSE) پروگرام میں تقرریوں کے لیے ترجیح حاصل ہوگی۔ آپ BSE پروگرام میں تقرری کی درخواستوں کے لیے BSEprograms@schools.nyc.gov پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

## اگر میرے مزید سوالات ہوں تو میں کیا کروں؟



اگر آپ کے ایک دولسانی پروگرام میں اندراج کرانے یا والدین کے گروپس میں سے ایک میں حصہ لینے کے طریق کار کے بارے سوالات یا خدشات ہیں، برائے مہربانی اپنے اسکول کے والدین رابطہ کاران، نائب پرنسپل اور / یا پرنسپل سے رابطہ کریں۔ آپ اپنے ضلع کے خاندانی معاونتی رابطہ کار، مہتمم اور خاندان اور کمیونٹی خود مختاری (FACE) کے دفتر سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

## میرے بچے کے پاس بعد از ثانوی کیا انتخابات ہیں؟

بعد از ثانوی انتخابات وہ اچھے مواقع ہیں جنکی نشاندہی طلباء ہائی اسکول سے سندیافتہ ہونے پر کرتے ہیں، جیسے کے کالج میں داخل ہونا، ملازمت شروع کرنا، ایک پیشہ ورانہ پروگرام اور فوج میں جانا۔ اس میں دو اور چار سالہ کالجوں یا یونیورسٹیوں، پیشہ ورانہ اسکول تک رسائی اور ملازمت شروع کرنا شامل ہے۔ نقل وطنی کی حیثیت کے قطع نظر، تمام طلباء کے پاس بعد از ثانوی انتخابات حاصل کرنے کا موقع ہے۔

نیویارک ریاست میں، بغیر دستاویز والے طلباء اس قابل ہوتے ہیں کہ دو اور چار سالہ یونیورسٹیوں کے لیے ریاست میں ٹیوشن اور ریاستی مالی امداد حاصل کر سکتے ہیں۔ ذیل میں اہم وسائل دیے گئے ہیں جو بغیر دستاویز والے طلباء، ملی جلی حیثیت کے حامل خاندانوں، کی انکی نقل وطنی کی حیثیت سے قطع نظر، بعد از ثانوی مواقع تک رسائی حاصل کرنے میں معاونت کرتے ہیں۔

### بعد از ثانوی کی تیاری کے لیے رہنما خاکہ

| | |
|---|---|
| تحقیق | اس بارے میں ہے کہ گفتگو اور سرگرمیوں میں سہولت کاری کی جائے جو طلباء کو اپنی نسلی، ثقافتی اور لسانی شناختوں کو مزید دریافت کرنے میں مدد کریں، اپنے حقوق اور اپنی دلچسپیوں اور / ناپسندیدگیوں کو سمجھ سکیں۔ |
| تیاری | اس بارے میں ہے کہ طلباء کو یقین دلایا جائے کہ ایک بامعنی اور بھرپور ہائی اسکول تجربے کے لیے انہیں جو درکار ہے وہ انکے پاس ہے، ایک منصوبہ بنائیں تاکہ جہاں وہ آج ہیں اور جہاں وہ کل جانا چاہتے ہیں کے درمیان ایک تعلق بنا سکیں اور ان کے پاس کالج میں مشغول ہونے اور طرزمعاش کے لیے تیاری کرنے کے لیے کورسز اور تجربات میں شامل ہونے کے مواقع ہوں۔ |
| درخواست دیں | ان اقدامات کے بارے میں ہے جو کالج پروگرام میں داخلے یا ایک ملازمت حاصل کرنے کے لیے مطلوب ہوتے ہیں۔ اس سے یہ احساس ہوتا ہے کہ یہ کسی طالب علم کا ہائی اسکول کی زندگی کا سب سے زیادہ اہم دورانیہ ہے، لیکن مناسب تیاری اور معاونت کے ذریعے، طلباء کامیابی کے ساتھ اپنے منتخب کردہ بعد از ثانوی راستے پر گامزن ہو سکتے ہیں۔ |



## بعد از ثانوی وسائل

| تفصیل | زمرہ | وسائل |
|---|---|---|
| تمام طلباء نقل وطنی کی حیثیت کے قطع نظرکسی 2 یا 4 سالہ یونیورسٹی میں شرکت کر سکتے ہیں۔ نیویارک ریاست ڈریم ایکٹ نقل وطن طلباء کو ریاستی مالی اعانت فراہم کرتا ہے جن کے پاس مختلف قسم کے نقل وطنی کی حیثیت ہے جنھوں نے ایک نیویارک ریاست ہائی اسکول میں کم از کم 2 سال شرکت کی ہے اور دیگر مطلوبات کی تکمیل کرتے ہیں۔ | ریاست کے اندر ٹیوشن اور مالی امداد برائے کالج | نیویارک ریاست اعلیٰ تعلیمی خدمات |
| کالج کے لیے بچت کریں پروگرام ایک یونیورسل وظیفہ اور بچت کا پروگرام ہے جسے کالج اور طرز معاش کی تربیت کو کنڈرگارٹن سے شروع، تمام نیو یارک شہر پبلک اسکول طلباء کے لیے زیادہ قابل رسائی اور قابل حصول بنانے کے لیے ترتیب دیا گیا ہے—انکے خاندان کی آمدنی اور وقل وطنی کی حیثیت سے قطع نظر. | نیو یارک شہر کے نوعمر بچوں کے لیے وظیفہ اور بچت کا پروگرام۔ بلامعاوضہ آمدنی اور نقل وطنی کی حیثیت سے قطع نظر. | کالج کے لیے بچت کرنا |
| انکی نقل وطنی کی حیثیت کے قطع نظر، این وائی سی پبلک اسکولوں میں بغیر دستاویز والے ہائی اسکول کے طلباء کے پاس ہائی اسکول سے سندیافتگی کے بعد انتخابات ہیں۔ وہ کالج یا یونیورسٹی میں درخواست دینے کا انتخاب کر سکتے ہیں، پیشہ ورانہ اور تکنیکی اسکولوں میں جا سکتے ہیں، یا براہ راست ملازمت اختیار کر سکتے ہیں۔ | بغیر دستاویز والے ہائی اسکول کے طلباء کے لیے انتخابات | باعلم نقل وطن |
| نیویارک میں بغیر دستاویز والے ہائی اسکول طلباء کے لیے ایک جانچ فہرست تیار کی گئی ہے تاکہ کالج تک کے سفر اور اس سے آگے کے لیے تجویز کردہ اقدامات کو پہلے سے سمجھ سکیں اور مکمل کرسکیں۔ طلباء سوالات کے جوابات کے لیے وسائل اور لنکس تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ | کالج کی جانب سفر کی جانچ فہرست | کالج کی جانب سفر کی جانچ فہرست |
| یہ ایک صفحہ دستاویز اس بات کی وضاحت کرتا ہے کونسے کالج نقل وطن دوست ہیں۔ | کالج کی تلاش | نقل وطن دوست کالجوں کی نشاندہی |
| CUNY کے فی الوقت چار نقل وطن طلباء کامیابی مراکز ہیں۔ ان مراکز میں وقف شدہ اور باخبر عملے کے ممبران ہوتے ہیں جو نقل وطن اور بغیر دستاویز والے طلباء کے تجربات کی باریکیوں کو سمجھتے ہیں۔ یہ مراکز مالی، قانونی، ذہنی صحت اور سماجی معاونت فراہم کرتے ہیں تاکہ نقل وطن طلباء کی جامع انداز میں وکالت کی جاسکے اور انہیں بااختیار بنایا جاسکے۔ ہم تمام CUNY میں مزید مراکز کھولنے پر کام کر رہے ہیں تاکہ تمام طلباء کو انکی نقل وطنی کی حیثیت سے قطع نظر مساوی رسائی اور وسائل فراہم کیے جاسکیں۔ | سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک (CUNY) بغیر دستاویز والے اور نقل وطن طلباء کی معاونت کرتی ہے۔ | CUNY کا دفتر برائے بغیر دستاویز اور نقل وطن طلباء پروگرامز |

## نیویارک شہر وسائل

نیو یارک شہر مختلف نوعیت کے وسائل فراہم کرتا ہے جو نقل وطن خاندانوں اور طلباء کے لیے مفید ہوسکتے ہیں۔ یہ وسائل آپکو تعلیمی اور سماجی انضمام کے سفر میں کامیابی کے لیے جامع معاونت اور مواقع فراہم کرتے ہیں۔ یہاں وسائل کی چند مثالیں ہیں۔

| وسیلے کی تفصیل |
|---|
| نیویارک شہر مئیر کا دفتر برائے نقل وطنی امور (MOIA) ایک شہری ادارہ ہے جو نقل وطنوں کے ساتھ کام کرتا ہے۔ آپ کے آغاز کرنے کے لیے یہ ایک بہت اچھا وسیلہ ہے۔ |
| اگر آپ کو کبھی رہنے اور / یا اپنے اور اپنے خاندان کے لیے کھانے کی ضرورت ہو تو آپ شہر کے ارد گرد پناہ گاہیں اور فوڈ بینکس تلاش کر سکتے ہیں۔ |
| اسکے علاوہ کئی برادری پر مبنی تنظیمیں (CBO) ہیں جو آپکی مختلف چیزوں میں مدد کرسکتی ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کو افریقی برادریوں کے لیے کسی خاص چیز کی ضرورت ہے، افریقی باہمی برادری (AFC) تنظیم آپ کی نقل وطنی میں قانونی خدمات، چھوٹے کاروبار میں معاونت، ملازمت کے فروغ اور عام سماجی خدمات کے لیے حوالے دینے میں مدد کر سکتی ہے۔ |
| نقل وطن خاندانوں کے لیے کم قیمت صحت کا بیمہ بشمول میڈیکیڈ (بغیر دستاویز والے نقل وطن صرف طبی ہنگامی صورت حال میں درخواست دے سکتے ہیں) اور چائلڈ ہیلتھ پلس Office of Citywide Health Insurance Access (OCHIA)کے ذریعے دستیاب ہے۔ |

## رابطہ کریں

اگر آپ کے ایک دولسانی پروگرام میں اندراج کرانے یا والدین کے گروپس میں سے ایک میں حصہ لینے کے طریق کار کے بارے میں خدشہ یا سوالات ہیں تو برائے مہربانی اپنے اسکول کے والدین رابطہ کاران، نائب پرنسپل اور / یا پرنسپل سے رابطہ کریں۔ آپ اپنے ضلع کے خاندانی معاونتی رابطہ کار، اور مہتمم سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ یا دفتر برائے کثیرلسانی متعلمین کو multilinguallearners@schools.nyc.govپر ای میل کریں۔

NYC Public Schools

### URLs کا ضمیمہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| خاندانی استقبالیہ مرکز<br>http://tinyurl.com/3avjw5cy | صفحہ<br>6 | حقوق کی قرارداد<br>bit.ly/RightsELL | صفحہ<br>6 |
| CUNY کا دفتر برائے بغیر دستاویز اور نقل وطن طلباء پروگرام<br>bit.ly/cunyundoc | صفحہ<br>14 | CCELL<br>ccell.org | صفحہ<br>9 |
| نقل وطن دوست کالجوں کی نشاندہی<br>http://tinyurl.com/3djh7f22 | صفحہ<br>14 | کالج کے لیے بچت کرنا<br>bit.ly/saveforcollege | صفحہ<br>14 |
| کالج کی جانب سفر کی جانچ فہرست<br>bit.ly/3NSGfHe | صفحہ<br>14 | نیویارک ریاست اعلیٰ تعلیمی خدمات<br>http://tinyurl.com/4fbhwasr | صفحہ<br>14 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| برادری پر مشتمل تنظیم<br>bit.ly/OMLCBOs | صفحہ<br>15 | باعلم نقل وطن<br>tinyurl.com/mrxca3yp | صفحہ<br>14 |
| نیو یارک پناہ گاہوں کی فہرست<br>bit.ly/3JHim5G | صفحہ<br>15 | دفتر برائے شہرپیما صحت کا بیمہ<br>on.nyc.gov/46B9it0 | صفحہ<br>15 |
| | | نیویارک شہر فوڈ بینک<br>bit.ly/3JHim5G | صفحہ<br>15 |

NYC Public Schools | Multilingual Learners